# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Tuesday, the 13thMay, 2025 at 11:00 a.m.

**1.** *Tilawat, Hadith*, *Naat*and national anthem.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**2.MS. ASIYA NAZ TANOLI** **MS. ZAHRA WADOOD FATEMI**to invite attention of the Minister for Communicationsto a matter of urgent public importance regarding dilapidated condition of the security fence of motorways/national highways in the country, causing grave concern amongst the public.

## INTRODUCTION OF BILLS

**3. SHAZIA MARRI**
**SYED NAVEED QAMAR** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Elections Act, 2017 [The Elections (Amendment) Bill, 2025].

**4.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**5. SYED ALI QASIM GILLANI**
**MS. NOSHEEN IFTIKHAR** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Trade Organizations Act, 2013[The Trade Organizations (Amendment) Bill, 2025].

**6.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**7. SYED RAFIULLAH** to move for leave to introduce a Bill to ensure the proper execution, timely completion, and transparent allocation of funds for Public Sector Development Program (PSDP) projects, while addressing issues related to fund shortages, irrational placement of projects, and delays [The Public Sector Development Program (PSDP) Oversight Bill, 2025].

**8.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**9. RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move for leave to introduce a Bill to establish Parliamentary Budget Office to enhance fiscal oversight, transparency, and parliamentary scrutiny of budgetary matters [The Parliamentary Budget Office Bill, 2025].

**10.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**11. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move for leave to introduce a Bill to amend the Islamabad Capital Territory Senior Citizens Act, 202l[The Islamabad Capital Territory Senior Citizens (Amendment) Bill, 2025].

**12.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**13. MS. SEHAR KAMRAN** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Control of Narcotic Substances Act, 1997 [The Control of Narcotic Substances (Amendment) Bill, 2025].

**14.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**15. MS. SHAHIDA REHMANI** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Industrial Relations Act, 2012[The Industrial Relations (Amendment) Bill, 2025].

**16.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**17. MS. SHAISTA KHAN** to move for leave to introduce a Bill to provide for the establishment of Wah Institute of Modern Sciences [The Wah Institute of Modern Sciences, WahCanttBill, 2025].

**18.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**19. MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF**
**MR. USAMA AHMED MELA** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Export Development Fund Act, 1999 [The Export Development Fund (Amendment) Bill, 2025].

**20.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**21. MR. MUHAMMAD MOIN AAMER PIRZADA** to move for leave to introduce a Bill to provide for establishment of the Al Musaddiq Institute of Higher Education [The Al Musaddiq Institute of Higher Education Bill, 2025].

**22.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**23. MR. USAMA AHMED MELA**
**MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF** to move for leave to introduce a Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025].

**24.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**25. SYED ABRAR ALI SHAH** to move for leave to introduce a Bill to rationalize the distance and equity of toll plazas on national highways and motorways[The Toll Plaza Rationalization and Equity Bill, 2025].

**26.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**27. MR. USAMA AHMED MELA**
**MR. MUHAMMAD MOBEEN ARIF** to move for leave to introduce a Bill to amend the Trade Development Authority of Pakistan Act, 2013 [The Trade Development Authority of Pakistan (Amendment) Bill, 2025].

**28.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**29. RANA IRADAT SHARIF KHAN** to move for leave to introduce a Bill to provide for the Establishment of Rawal International University, Islamabad [The Rawal International University, Islamabad, Bill, 2025].

**30.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

**31. SYED RAFIULLAH** to move for leave to introduce a Bill to repeal the Pakistan General Cosmetics Act, 2023 [The Pakistan General Cosmetics (Repeal) Bill, 2025].

**32.** Also to introduce the Bill, if leave is granted.

## <u>LEGISLATIVE BUSINESS</u>

**33. MS. MUSSARAT RAFIQUE MAHESAR** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], as passed by the Senate, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**34. MS. MUSSARAT RAFIQUE MAHESAR** to move that the Bill to provide for the establishment of Wapda University, Islamabad [The Wapda University, Islamabad Bill, 2024], be passed.

**35. RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**36. RANA MUHAMMAD QASIM NOON** to move that the Bill to establish the International Examination Board [The International Examination Board Bill, 2024], be passed.

**37. MS. SAMINA KHALID GHURKI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Ghurki Institute of Science and Technology [The Ghurki Institute of Science and Technology Bill, 2024], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**(Amendments entered in a separate list to be moved)**

**38. MS. SAMINA KHALID GHURKI** to move that the Bill to provide for the establishment of the Ghurki Institute of Science and Technology [The Ghurki Institute of Science and Technology Bill, 2024], be passed.

**MOTION**

**39. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to make provisions to specifically criminalize acid and burn related violence by providing fair and speedy trial of such heinous offence and for matters connected therewith and incidental thereto [The Acid and Burn Crime Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Dr. MahreenRazzaq Bhutto, MNA)

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**40. RAJA KHURRAM SHAHZAD NAWAZ,** Chairman Standing Committee on Interior to present the report of the Standing Committee on the Bill to make provisions to specifically criminalize acid and burn related violence by providing fair and speedy trial of such heinous offence and for matters connected therewith and incidental thereto [The Acid and Burn Crime Bill, 2024].

**MOTION**

**41. MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill to reserve special seats for deserving persons in Universities and Higher Education Institutions [The Reservation of Special Seats for Deserving Persons in Universities, Bill, 2024], till today be condoned. (Moved by Syed Rafiullah, MNA)

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**42. MR. AZIM UDDIN ZAHID,** Chairman Standing Committee on Federal Education, Professional Training, National Heritage and Culture to present the report of the Standing Committee on the Bill to reserve special seats for deserving persons in Universities and Higher Education Institutions [The Reservation of Special Seats for Deserving Persons in Universities, Bill, 2024].

**MOTION**

**43. MIR GHULAM ALI TALPUR,** Chairman Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 in its application to Islamabad Capital Territory [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2025], till today be condoned. (Moved by ShaziaMarri, MNA)

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**44. MIR GHULAM ALI TALPUR,** Chairman Standing Committee on Poverty Alleviation and Social Safety to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Zakat and Ushr Ordinance, 1980 in its application to Islamabad Capital Territory [The Zakat and Ushr (Amendment) Bill, 2025].

**MOTION**

**45. MR. MUHAMMAD IDREES**, Chairman Standing Committee on Energy (Power Division) to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the matter regarding the disconnection, overbilling and unannounced load shedding in Karachi and erstwhile FATA (moved by Muhammad Iqbal and Syed Rafiullah, MNAs) referred to the Committee on 29.04.2024, till today be condoned.

**PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE**

**46. MR. MUHAMMAD IDREES**, Chairman Standing Committee on Energy (Power Division) to present report of the Standing Committeeon the matter regarding the disconnection, overbilling and unannounced load shedding in Karachi and erstwhile FATA.

## MOTION

**47. SYED HAFEEZUDDIN,** Chairman of the Standing Committee on Industries and Production, to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on Starred Question No, 51 referred to the Committee on 9th August 2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**48. SYED HAFEEZUDDIN,** Chairman of the Standing Committee on Industries and Production, have the honor to present this report on Starred Question No, 51 referred to the Committee on 9th August 2024.

## MOTION

**49. MR. MUHAMMAD AFZAL**, Chairman Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges to move that the delay in the presentation of report of the Standing Committee on the amendment in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, (moved by Syed Rafiullah, MNA) referred to the Committee on 06.08.2024, till today be condoned.

## PRESENTATION OF REPORT OF THE STANDING COMMITTEE

**50. MR. MUHAMMAD AFZAL**,Standing Committee on Rules of Procedure and Privileges to present the report of the Standing Committee on the amendment in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007.

## AMENDMENT TO THE RULES OF PROCEDURE AND CONDUCT OF BUSINESS IN THE NATIONAL ASSEMBLY, 2007

**51. SYED RAFIULLAH** to seek leave under sub-rule (4) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 to move the following amendments in the said Rules:-

**Amendment in Rule 43 of the Rules of Procedure.-** that in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, in Rule 43, for sub-rule (4), the following shall be substituted, namely:-

> "(**4)** The date of submission of the resignation of a member shall be the datespecified in writing by the member, or, if no date is specified, the date of receipt of suchresignation by the Speaker. Such resignation shall only be deemed effective on the datethe Speaker formally accepts the resignation in writing. During the period between thesubmission of the resignation and its acceptance by the Speaker, the member shall notbe entitled to receive any pay, allowances, or privileges otherwise admissible to a sittingmember under any law, rule, or statute.".

**52. SYED RAFIULLAH** to move under sub-rule (5) of rule 293 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, that the proposed amendments be taken into consideration.

**53. SYED RAFIULLAH** to move that the proposed amendments in the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007, be adopted.

## RESOLUTIONS

**54. SYED RAFIULLAH** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the government should take immediate steps to reduce the cost of long-term rents by reserving sufficient funds in the upcoming budget for construction of building for embassies on its plots in foreign countries."

**55. MR. ANJUM AQEEL KHAN** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to redress the issues of Pakistan students in US on the closure of full bright scholarship programme."

**56. MR. JAMSHAID AHMAD** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the government should take immediate steps to construct new water reservoirs and also supply clean drinking water to the masses."

**57. MS. SHAHIDA REHMANI** to move the following resolution:-

"This House is of the opinion that the Government should take steps to complete Hyderabad-Sukkur motorway on priority basis."

**58. MS. SAMINA KHALID GHURKI** to move the following resolution:-
"This House is of the opinion that the Government should take immediate steps to provide the uninterrupted electricity in the Country."

## MOTIONS UNDER RULE 259

**59. MS. ALIYA KAMRAN** to move the following motion:-

"This House may discuss theperformance of Pakistan Standards and Quality Control Authority (PSQCA).

**60. MS. SAMINA KHALID GHURKI** to move the following motion:-

"This House may discuss theperformance of Pakistan Institute of Medical Sciences (PIMS).

**61. SYED RAFIULLAH**to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Pakistan Cricket Board.

**62. MS. SEHAR KAMRAN**to move the following motion:-

"This House may discuss the performance of Ministry of Information Technology and Telecommunications.

**63. MS. SHARMILA SAHIBA FARUQUI HASHAAM** to move the following motion:-

"This House may discuss the issue of Neelum Jhelum Hydro Power Project.

## DISCUSSION ON MATTERS OF URGENT PUBLIC IMPORTANCE UNDER RULE 87

**64. MS. ALIYA KAMRAN** "to discuss a matter of urgent public importance regarding implementation on Constitutional guarantee for provision of free and compulsory education for the children aged five to sixteen years, since the fees and Schools Management Committee (SMC) funds are still being collected by educational institutions, (Schools) under the Federal Directorate of Education (FDE)''.

**65. MR. FATEH ULLAH KHAN** "to discuss a matter of urgent public importance regarding allocation of 46 million rupees by the Prime Minister for the relief and rehabilitation for the Dera Ismail Khan flood affected communities''.

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**66.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**67. MS. ALIYA KAMRAN** to invite attention of the Minister for Parliamentary Affairs to a matter of urgent public importance regardingless number of women voters in election voter lists of Election Commission of Pakistan as compared to women population, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**12th May, 2025**

**TAHIR HUSSAIN**
**Secretary General**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

## برائے اجلاس قومی اسمبلی جو منگل، ۱۳ مئی، ۲۰۲۵ء صبح گیارہ بجے منعقد ہوگا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۔ **محترمہ آسیہ ناز تنولی** **محترمہ زہرا ودود فاطمی** وزیر برائے مواصلات کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو ملک میں موٹرویز/ قومی شاہراہوں کی حفاظتی باڑ کی خستہ حالی سے متعلق ہے۔

## بلوں کا پیش کرنا

۳۔ **شازیہ مری** **سید نوید قمر** تحریک پیش کریں گے کہ انتخابات ایکٹ، ۲۰۱۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انتخابات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۵۔ **سید علی قاسم گیلانی** **محترمہ نوشین افتخار** تحریک پیش کریں گے کہ تجارتی تنظیمات ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [تجارتی تنظیمات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۷۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے منصوبوں پر باقاعدہ عملدرآمد، ان کی بروقت تکمیل اور فنڈز کی شفاف تخصیص یقینی بنانے، نیز فنڈ کی کمی، منصوبوں کی غیر منطقی شمولیت اور تاخیر جیسے مسائل حل کرنے کا بل [پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کی نگرانی بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۹۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ مالیاتی نگرانی، شفافیت اور بجٹ کے معاملات کی پارلیمانی جانچ کو بڑھانے کے لیے پارلیمانی بجٹ آفس کے قیام کا بل [پارلیمانی بجٹ آفس بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۱۱۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** تحریک پیش کریں گی کہ دارالحکومت اسلام آباد کی علاقائی حدود کے بزرگ شہریوں کا ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دارالحکومت اسلام آباد کی علاقائی حدود کے بزرگ شہریوں کا (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۳۔ **محترمہ سحر کامران** تحریک پیش کریں گی کہ انسداد نشہ آور مواد ایکٹ، ۱۹۹۷ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [انسداد نشہ آور مواد (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۵۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** تحریک پیش کریں گی کہ صنعتی تعلقات ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [صنعتی تعلقات (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۷۔ **محترمہ شائستہ خان** تحریک پیش کریں گی کہ واہ ادارہ برائے جدید علوم کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واہ ادارہ برائے جدید علوم، واہ کینٹ بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۱۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گی۔

۱۹۔ **جناب محمد مبین عارف** **جناب اسامہ احمد میلہ** تحریک پیش کریں گے کہ ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ ایکٹ، ۱۹۹۹ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ فنڈ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۱۔ **جناب محمد معین عامر پیرزادہ** تحریک پیش کریں گے کہ المصدق ادارہ برائے اعلیٰ تعلیم کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [المصدق ادارہ برائے اعلیٰ تعلیم بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۳۔ **جناب اسامہ احمد میلہ** **جناب محمد مبین عارف** تحریک پیش کریں گے کہ دیوانی ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [دیوانی ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۴۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۵۔ **سید ابرار علی شاہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی شاہراہوں اور موٹر ویز پر ٹول پلازوں کے فاصلہ اور فیسوں کو معقول اور مساوی بنانے کا بل [ٹول پلازوں کے فاصلے و فیسوں کو معقول اور مساوی بنانے کا بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۶۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۷۔ **جناب اسامہ احمد میلہ** **جناب محمد مبین عارف** تحریک پیش کریں گے کہ ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان ایکٹ، ۲۰۱۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۲۸۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۲۹۔ **رانا ارادت شریف خان** تحریک پیش کریں گے کہ راول بین الاقوامی یونیورسٹی کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [راول بین الاقوامی یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۳۰۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

۳۱۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ پاکستان جنرل کاسمیٹکس ایکٹ، ۲۰۲۳ء کو منسوخ کرنے کا بل [پاکستان جنرل کاسمیٹکس (تنسیخی) بل، ۲۰۲۵ء] پیش کرنے کی اجازت دی جائے۔

۳۲۔ اگر اجازت دی گئی تو بل بھی پیش کریں گے۔

## قانون سازی

۳۳۔ **محترمہ مسرت رفیق مہیسر** تحریک پیش کریں گی کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] سینیٹ کی جانب سے منظور کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۳۴۔ **محترمہ مسرت رفیق مہیسر** تحریک پیش کریں گی کہ واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا بل [واپڈا یونیورسٹی، اسلام آباد بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۵۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانات بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانات بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۳۶۔ **رانا محمد قاسم نون** تحریک پیش کریں گے کہ بین الاقوامی امتحانات بورڈ کے قیام کا بل [بین الاقوامی امتحانات بورڈ بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

۳۷۔ **محترمہ شمینہ خالد گھرکی** تحریک پیش کریں گی کہ گھرکی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [گھرکی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۴ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**(علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی)**

۳۸۔ **محترمہ ثمینہ خالد گھرکی** تحریک پیش کریں گی کہ گھرکی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی کے قیام کے لیے احکام وضع کرنے کا بل [گھرکی ادارہ برائے سائنس و ٹیکنالوجی بل، ۲۰۲۴ء] منظور کیا جائے۔

## تحریک

۳۹۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تحریک پیش کریں گے کہ تیزاب اور آگ سے جلانے سے متعلق تشدد جیسے گھناؤنے جرم کی منصفانہ اور فوری سماعت کے ذریعے اسے خاص طور پر جرم قرار دینے اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کی بابت احکامات وضع کرنے کے بل [تیزاب اور آگ سے جلانے کے جرم کا بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب ڈاکٹر مہرین رزاق بھٹو، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۰۔ **راجہ خرم شہزاد نواز**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے داخلہ تیزاب اور آگ سے جلانے سے متعلق تشدد جیسے گھناؤنے جرم کی منصفانہ اور فوری سماعت کے ذریعے اسے خاص طور پر جرم قرار دینے اور اس سے منسلک اور اس کے ضمنی معاملات کی بابت احکامات وضع کرنے کے بل [تیزاب اور آگ سے جلانے کے جرم کا بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۱۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ و ثقافت تحریک پیش کریں گے کہ یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مستحق افراد کے لئے خصوصی نشستیں مختص کرنے کے بل [یونیورسٹیوں میں مستحق افراد کے لئے خصوصی نشستوں کی تخصیص کا بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب سید رفیع اللہ، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۲۔ **جناب عظیم الدین زاہد**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، قومی ورثہ و ثقافت یونیورسٹیوں اور اعلیٰ تعلیمی اداروں میں مستحق افراد کے لئے خصوصی نشستیں مختص کرنے کے بل [یونیورسٹیوں میں مستحق افراد کے لئے خصوصی نشستوں کی تخصیص کا بل، ۲۰۲۴ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۳۔ **میر غلام علی تالپور**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ تحریک پیش کریں گے کہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ کی حد تک اس کے اطلاق میں زکوٰۃ و عشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [زکوٰۃ و عشر (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔ (پیش کردہ منجانب شازیہ مری، رکن قومی اسمبلی)

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۴۔ **میر غلام علی تالپور**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ کی حد تک اس کے اطلاق میں زکوٰۃ و عشر آرڈیننس، ۱۹۸۰ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [زکوٰۃ و عشر (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۵۔ **جناب محمد ادریس**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (بجلی ڈویژن) تحریک پیش کریں گے کہ ۲۹/اپریل، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ کراچی اور سابق فاٹا میں کنکشن کاٹنے، زائد بلنگ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے متعلق معاملہ (پیش کردہ منجانب محمد اقبال اور سید رفیع اللہ، اراکین قومی اسمبلی) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۶۔ **جناب محمد ادریس**، چیئر مین قائمہ کمیٹی برائے توانائی (بجلی ڈویژن) کراچی اور سابق فاٹا میں کنکشن کاٹنے، زائد بلنگ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے متعلق معاملہ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۷۔ **سید حفیظ الدین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار تحریک پیش کریں گے کہ ۹/اگست، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۵۱ پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۴۸۔ **سید حفیظ الدین**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار ۹/اگست، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ نشاندار سوال نمبر ۵۱ پر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## تحریک

۴۹۔ **جناب محمد افضل**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قواعد طریق کار و استحقاقات تحریک پیش کریں گے کہ ۶/اگست، ۲۰۲۴ء کو کمیٹی کے سپرد کردہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترمیم (پیش کردہ منجانب سید رفیع اللہ، رکن قومی اسمبلی) پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

## قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کا پیش کرنا

۵۰۔ **جناب محمد افضل**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے قواعد طریق کار و استحقاقات، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترمیم پر رپورٹ ہذا پیش کریں گے۔

## قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں ترامیم

۵۱۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۴) کے تحت مذکورہ قواعد میں درج ذیل ترامیم پیش کرنے کی اجازت طلب کریں گے:۔

**طریق کار کے قواعد کے قاعدہ ۴۳ میں ترمیم:۔** کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں، قاعدہ ۴۳ میں، ذیلی قاعدہ (۴) کو حسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

"(۴) کسی رکن کے استعفیٰ کی تاریخ اس رکن کی تحریر کردہ تاریخ ہو گی، یا، اگر کوئی تاریخ صراحت نہ کی گئی ہو تو اسپیکر کی جانب سے اس استعفیٰ کی وصولی کی تاریخ استعفیٰ کی تاریخ ہو گی۔ یہ استعفیٰ اس تاریخ کو مؤثر بہ عمل متصور ہو گا جب اسپیکر اس استعفیٰ کو تحریری طور پر باضابطہ قبول کرے۔ استعفیٰ جمع کروانے اور اسپیکر کی جانب سے اسے قبول کرنے کے عرصہ کے دوران وہ رکن کوئی تنخواہ، الاؤنسز یا استحقاقات حاصل کرنے کا حقدار نہیں ہو گا جو بصورت دیگر کسی بھی قانون، قاعدے یا قانون موضوعہ کے تحت کسی موجودہ رکن کو دیئے جاتے ہیں۔"۔

۵۲۔ **سید رفیع اللہ** قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۹۳ کے ذیلی قاعدہ (۵) کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ مجوزہ ترامیم زیر غور لائی جائیں۔

۵۳۔ **سید رفیع اللہ** تحریک پیش کریں گے کہ قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء میں مجوزہ ترامیم منظور کی جائیں۔

## قراردادیں

۵۴۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت طویل المدت کرایوں کی لاگت کو کم کرنے کے لئے بیرون ممالک میں اپنے پلاٹوں پر سفارت خانوں کے لئے عمارات کی تعمیر کے لئے آئندہ بجٹ میں مناسب رقوم کو مختص کرتے ہوئے فوری اقدامات کرے۔"

۵۵۔ **جناب انجم عقیل خان** حسب ذیل قرارداد پیش کریں گے:۔

"اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت فل برائٹ اسکالرشپ پروگرام کی بندش پر امریکہ میں پاکستانی طلباء کے مسائل کے حل کے حوالے سے فوری اقدامات کرے۔"

۵۶۔ **جناب جمشید احمد** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گے :۔
''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت پانی کے نئے ذخائر تعمیر کرنے اور عوام کو پینے کا صاف پانی مہیا کرنے کے لئے بھی فوری اقدامات کرے۔''

۵۷۔ **محترمہ شاہدہ رحمانی** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گی :۔
''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت حیدر آباد۔ سکھر موٹر وے کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کرنے کے لیے اقدامات کرے۔''

۵۸۔ **محترمہ ثمینہ خالد گھرکی** حسب ذیل قرار داد پیش کریں گی :۔
''اس ایوان کی رائے ہے کہ حکومت ملک میں بجلی کی بلا تعطل فراہمی کے لئے فوری اقدامات کرے۔''

## تحاریک زیر قاعدہ ۲۵۹

۵۹۔ **محترمہ عالیہ کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔
''یہ ایوان پاکستان اسٹینڈرڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی (پی ایس کیو سی اے) کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۶۰۔ **محترمہ ثمینہ خالد گھرکی** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔
''یہ ایوان پاکستان انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز (پمز) کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۶۱۔ **سید رفیع اللہ** حسب ذیل تحریک پیش کریں گے :۔
''یہ ایوان پاکستان کرکٹ بورڈ کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۶۲۔ **محترمہ سحر کامران** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔
''یہ ایوان وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی مواصلات کی کارکردگی پر بحث کرے۔''

۶۳۔ **محترمہ شرمیلا صاحبہ فاروقی ہشام** حسب ذیل تحریک پیش کریں گی :۔
''یہ ایوان نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کے مسئلہ پر بحث کرے۔''

## قاعدہ ۸۷ کے تحت فوری عوامی اہمیت کے معاملہ پر بحث

۶۴۔ **محترمہ عالیہ کامران** ''جو پانچ سے سولہ سال کی عمر کے بچوں کے لئے مفت اور لازمی تعلیم کی فراہمی کے حوالے سے دستور میں مذکورہ ضمانت پر عملدرآمد سے متعلق ہے، کیونکہ وفاقی نظامت تعلیمات (ایف ڈی ای) کے تحت تعلیمی اداروں (اسکولوں) کی جانب سے اسکولوں کے انتظام سے متعلقہ کمیٹی (ایس ایم سی) فنڈز اور فیس اب بھی وصول کیے جارہے ہیں''۔

۶۵۔ **جناب فتح اللہ خان** ''جو ڈیرہ اسماعیل خان کی سیلاب سے متاثرہ آبادیوں کے لیے ریلیف اور بحالی کے لیے وزیر اعظم کی طرف سے ۴۶ ملین روپے مختص کرنے سے متعلق ہے''۔

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۶۶۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۶۷۔ **محترمہ عالیہ کامران** وزیر برائے پارلیمانی امور کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو الیکشن کمیشن پاکستان کی انتخابی ووٹر فہرستوں میں خواتین کی مجموعی آبادی کے مقابلے میں خواتین ووٹرز کی کم تعداد سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۲ مئی، ۲۰۲۵ء**

**طاہر حسین**
**سیکرٹری جنرل**